کتب خانہ سرکاری

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۶	مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۴ رجب المرجب ۱۳۶۰ھ مطابق ۹ اگست ۱۹۴۱ء	جلد ۵۴

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری قواعد طباعت و اسٹیشنری ریاست رامپور ۱۹۴۱ء	۲
۲	منظوری بابت مقرر کیے جانے ممبر سب کمیٹی تربیت جسمانی و ممبر سب کمیٹی تعلیم بالغاں خان محمد اشرف خاں صاحب انسپکٹر مدارس و سید انعام علی صاحب المیر...	۲
۳	برقراری سلسلہ ملازمت کپتان آغا ذاکر حسین صاحب	۳
۴	عطائے اختیارات خرچ برائے سیکشن کے علا افسران قانونی بعہدہ تحصیلداری	۳
۵	صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کو کے اختیارات افسر صیغہ بہ مولوی بشیر احمد خاں صاحب اسسٹنٹ سیکرٹری	۳
	منظوری موسومی پل ندی گینڈریا ئی با سم "سیلوے برج"	۴
۶	منظوری ترمیم تواریخ تعطیلات ولادت حضرت امیر المومنین علیہ السلام و یوم بعثت (رجبی شریف) بوجہ رویت ہلال۔	۴
۷	منظوری اضافہ گریڈ لیڈی ڈاکٹر کے ایم کوپر صاحبہ	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایونِ اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حُکم:- (سودری) ۳۱ رجولائی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ "قواعد طباعت واسٹیشنری ریاست رامپور ۱۹۳۱ء" کی تجربتہً برائے یک سال منظوری دی جاتی ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

آرڈر ۱۶۱

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرسانند

صیغۂ اسٹیٹ پریس واسٹیشنری ڈپو کے کاموں کی تنظیم و ترتیب کے سلسلہ میں "قواعد طباعت واسٹیشنری ریاست رامپور ۱۹۳۱ء" مرتب کئے گئے ہیں۔ تاکہ آئندہ کام بسہولت وقت پر انجام پائیں اور صیغہ جات ریاست کی شکایات کا سدباب ہو جائے۔ قواعد مذکور کی ترتیب میں برٹش گورنمنٹ کے قواعد سے ضروری امداد لی گئی ہے۔ امید ہے کہ ان قواعد کے اجراء سے صیغۂ اسٹیٹ پریس اور دیگر صیغہ جات ریاست کو بڑی حد تک سہولت ہو جائے گی۔ چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۲۰ رجولائی ۱۹۳۱ء میں قواعد مذکور کو تجربتہً ایک سال کے لئے منظور کئے جانے سے اتفاق کیا ہے تاکہ ان پر عمل پیرا ہونے سے کسی صیغہ کو دشواری محسوس ہو تو مستقلی کے وقت اس کو رفع کیا جا سکے۔ اس صورت میں صیغہ جات کا فرض ہوگا کہ وہ ایسی دشواری کو صاحب سکریٹری بہادر انچارج صیغۂ اسٹیٹ پریس کے علم میں لائیں۔ لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے بحکم منظوری قواعد منسلکہ تجربتہً برائے ایک سال شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت واقبال جاوید باد۔

عرضی

(ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

معروضہ ۲۷ رجولائی ۱۹۳۱ء

(نوٹ) قواعد مجوزہ گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہیں۔

حُکم:- (سودری) ۳۱ رجولائی ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ سب کمیٹی ترتیب جسمانی میں خان محمد اشرف خاں اور سب کمیٹی تعلیم بالغان میں سید سراج حسین صاحب انسپکٹر مدارس کو ممبر مقرر کیا جانا منظور ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — جناب عالی — میرسانند

مشاورتی بورڈ تعلیمات کا ایک جلسہ بتاریخ ۲۲ رمئی ۱۹۳۱ء منعقد ہوا تھا۔ جس میں یہ تجویز ہوئی کہ سب کمیٹی ترتیب جسمانی میں خان محمد اشرف صاحب کو اور سب کمیٹی تعلیم بالغان میں سید سراج حسین صاحب انسپکٹر مدارس کو بحیثیت

ممبر مقرر کئے جانے کی ضرورت ہے - چنانچہ عالیجناب صاحب ہوم منسٹر بہادر نے منظوری تقرر ممبران مذکور کے لئے کاغذ بھیجا ہے جو ذریعہ عرضداشت بحضور معلی پیش ہے - ترقیخواہ مستدعی ہے کہ سب کمیٹی ترتیب جمانی میں خان محمد اشرف خاں صاحب فزیکل انسٹرکٹر کو اور تعلیم بالغان کی سب کمیٹی میں سید اسرار حسین صاحب انسپکٹر مدارس کو بحیثیت ممبر مقرر فرمائے جانے کا حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے - زیادہ حد ادب آفتاب دولت اقبال تاباں باد

عرضی

(دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر) مورخہ ۲۹ جولائی ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر حسب منشا حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو - ۴ اگست ۱۹۴۱ء

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- (مسودی) یکم اگست ۱۹۴۱ء

بموجب رپورٹ کپتان آغا ذاکر حسین ایڈی سی کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے - ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض   جنابعالی   میرساند

کپتان آغا ذاکر حسین صاحب ۱۹۲۲ء میں ملازم ہوئے تھے - تقریباً پندرہ سال ملازمت کے بعد ۱۹۳۶ء میں اُن کا سلسلۂ ملازمت منقطع ہو گیا - جنوری ۱۹۴۱ء میں پیشگاہ ہمایوں سے اُن کا تقرر ر استثنائی منظور فرمایا گیا تقریباً چار سال کے لئے اُن کا سلسلۂ ملازمت منقطع رہا - کپتان صاحب موصوف نے قائمی سلسلۂ ملازمت کی درخواست پیش کی ہے - جو ذریعہ عرضداشت برائے ملاحظہ و صدور حکم حضور معلی میں پیش ہے - زیادہ حد ادب دولت جاوید باد -

عرضی

ترقیخواہ دستخط صاحب اسسٹنٹ ملٹری سکریٹری بہادر -

مورخہ ۱۳ جولائی ۱۹۴۱ء

حکم :- (مسودی) یکم اگست ۱۹۴۱ء

بصراحت رپورٹ تجویز منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر ۱۶۲

اعلی حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض   جنابعالی   میرساند

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۲ جولائی ۱۹۴۱ء میں ترقیخواہ کی تجویز میں صراحت پیش ہوئی کہ عالیجناب مسٹر ہوری لال ورما صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کو علاوہ بحیثیت محکمہ قانون سازی پر اختیارات منسٹر حاصل ہیں لیکن بحیثیت اسٹیٹ ایڈووکیٹ انہیں بحیثیت عملہ افسران قانونی پر اختیارات منسٹر حاصل نہیں ہیں بلکہ انکا تعلق ترقیخواہ سے ہے چونکہ عملہ افسران قانونی انہیں کی نگرانی میں کام کرتا ہے لہذا بنظر سہولت کار مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بحیثیت عملہ افسران قانونی بھی بحیثیت منسٹر انچارج عالیجناب صاحب منسٹر بہادر

...ج محکمہ قانون سازی کے ماتحت فرمایا جائے
جس طرح وہ بجٹ و عملہ محکمہ قانون سازی پر منسٹر کے
اختیارات کا استعمال کرتے ہیں اسی طرح وہ بجٹ و عملہ
افسران قانونی پر بھی منسٹر کے اختیارات کا استعمال کریں
چونکہ اس تجویز کے متعلق ارشاد ہمایوں تھا کہ یہ معاملہ کونسل
کی سفارش کے ساتھ پیش کیا جائے - لہذا اجلاس مذکور
میں کونسل نے منظر سہولت کار اتفاق کیا کہ بجٹ و عملہ
افسران قانونی بعطائے اختیارات منسٹر عالیمرتبت
صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمہ قانون سازی کے متعلق
بحیثیت منسٹر انچارج فرمایا جائے - اور مولوی بشیر احمد خاں صاحب
اسسٹنٹ اسٹیٹ ایڈووکیٹ کو بجٹ و عملہ مذکور پر اختیارات افسر صیغہ
عطا فرمائے جائیں - لہذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ
ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے - زیادہ حد
ادب دولت و اقبال جاوید باد -

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر
معروضہ ۲۹ / جولائی ۱۹۴۱ء

حکم :- (مسودہ) مؤرخہ یکم اگست ۱۹۴۱ء

پل مندرجہ عرضداشت کا میلوے برج کے نام سے
موسوم کیا جانا منظور ہے - کاغذات عالیمرتبت صاحب
چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں -
دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عرض
جناب عالی
... میلوے نگر پرگنہ سوار کے متصل ندی گنگیا ...

پر بجٹ پل ڈویلپمنٹ فنڈ کی رقم سے تعمیر ہو رہا ہے -
جسکی تعمیر قریب الختم ہے - عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی
صاحب بہادر سی - آئی - ای چیف منسٹر نے پل مذکور کو
میلوے برج کے نام سے موسوم کیا جانا تجویز کیا ہے - اگر
حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم پسند فرمائیں تو پیشگاہ ہمایوں سے
حکم منظوری صادر فرمایا جائے - منظوری صادر ہونے پر
پتھر کندہ کرا کر پل مذکور پر نصب کرا دیا جائے گا - عرضداشت
برائے ملاحظہ و صدور حکم منظوری حضور معلیٰ میں پیش ہے -
زیادہ حد ادب - آفتاب دولت و اقبال تاباں باد -

عرضی
(ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ساختہ ۳۱ / جولائی ۱۹۴۱ء)

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ایک نقل
درج گزٹ ہو ۴ / اگست ۱۹۴۱ء (دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار :- (مسودہ) واقع ۴ / اگست ۱۹۴۱ء

نقشہ تعطیلات ریاست رامپور ۱۹۴۱ء میں تعطیل ولادت
حضرت امیر المومنین علیہ السلام ۱۳ / رجب مطابق ۷ / اگست
بروز پنجشنبہ (تعطیل سلونو شامل ہے) اور تعطیل یوم بعثت
(رجبی شریف) ۲۷ / رجب مطابق ۲۱ / اگست بروز پنجشنبہ
درج ہے - باعتبار رویت ہلال تعطیل اوّل الذکر ۱۳ / رجب
مطابق ۸ / اگست بروز جمعہ اور تعطیل موخر الذکر ۲۷ / رجب
مطابق ۲۲ / اگست بروز جمعہ ہوگی - ۷ / اگست بروز پنجشنبہ
تعطیل سلونو ہوگی - تعطیل جنم اشٹمی علی حالہ قائم رہیگی
بصراحت بالا ترمیم تعطیلات کی منظوری دی جاتی ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -
(دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

حکم

حکم :- (۱۰۳۸۷) واقع ۷ر اگست ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ لیڈی ڈاکٹر کے ایم کوپر صاحبہ کے اضافہ گریڈ پندرہ روپیہ ماہانہ کی از یکم اگست ۱۹۳۱ء منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر کا معروضہ ہے کہ لیڈی ڈاکٹر کے ایم۔ کوپر صاحبہ یکم اگست ۱۹۳۱ء سے پندرہ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ پانے کی مستحق ہیں۔ رقم اضافہ گریڈ بجٹ میں منظور ہو چکی ہے۔ اور لیڈی ڈاکٹر صاحبہ کا کام قابل اطمینان ہے۔ عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر نے منظوری کے لئے کاغذات بھیجے ہیں جو ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں تصدیقی رپورٹ صیغۂ فائنانس بھی شامل ہے ترقی خواہ مستدعی ہے کہ بہیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری اضافہ گریڈ ۱۵ ماہانہ از یکم اگست ۱۹۳۱ء شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۵ر اگست ۱۹۳۱ء